NARENDERA®

# DAWN

## GUESS PAPER

## 12th Class

# ARTS

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

1. ENGLISH
2. MATHEMATICS
3. ECONOMICS
4. EDUCATION
5. HISTORY
6. POL. SCIENCE
7. PHILOSOPHY
8. PSYCHOLOGY
9. SOCIOLOGY
10. GEOGRAPHY
11. STATISTICS
12. HOME SCIENCE
13. PHYSICAL EDU.
14. ENV. SCIENCE
15. COMPUTER SC.
16. I. P.
17. FUNC. ENGLISH
18. HINDI
19. URDU

By
PANEL OF EXPERTS

For BEST RESULTS

2024

NARENDERA PUBLISHING HOUSE

NPH

Price: ₹ 150.00

# URDU

## Class (XII)

**Time:3 Hours ]** **[Maximum Marks:-100**

سوال نمبر ۱ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔

**5×2=10**

☆ جو چیزیں دل پر اثر کرتی ہیں بہت سی ہیں۔ موسیقی، مصوری، صنعت گری وغیرہ۔ لیکن شاعری کی اثر انگیزی کی حد سب سے زیادہ وسیع ہے۔ موسیقی صرف قوت سامعہ کو محفوظ کر سکتی ہے۔ سامعہ نہ ہو تو کچھ کام نہیں کر سکتی ہے۔ تصویر سے متاثر ہونے کے لئے بینائی شرط ہے لیکن شاعری تمام جو اس پر اثر ڈال سکتی ہے۔ باصرہ، ذائقہ، لامسہ سب اس سے لطف اُٹھا سکتے ہیں۔

(i) کون سی چیزیں دل پر اثر کر سکتی ہیں؟

(ii) موسیقی کس کو محفوظ کر سکتی ہے؟

(iii) تصویر سے متاثر ہونے کے لئے کون سی شرط ضروری ہے؟

(iv) شاعری کا اثر کس پر ہوتا ہے؟

(v) شاعری سے کون کون سے جو اس لطف اندوز ہوتے ہیں؟

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER STUFF

(یا)

(ب) مکان کے جس کمرے میں مرزا دن بھر بیٹھتے اٹھتے وہ مکان کے دروازے کی چھت پر تھا اور اس کے جانب ایک کوٹھری تنگ و تاریک تھی جس کا در اس قدر چھوٹا تھا کہ کوٹھری میں بہت جھک کر جانا پڑتا تھا۔ اس میں ہمیشہ فرش بچھا رہتا تھا اور مرزا اکثر گرمی اور لو کے موسم میں دس بجے سے تین بجے تک وہاں بیٹھتے تھے۔ ایک دن جب کہ رمضان کا مہینہ اور گرمی کا موسم تھا۔ مولانا آزردہ ٹھیک دو پہر کے وقت مرزا سے ملنے کو چلے آئے۔ اس وقت مرزا صاحب اسی کوٹھری میں کسی دوست کے ساتھ چوسر یا شطرنج کھیل رہے تھے۔ مولانا بھی وہیں پہنچے اور مرزا کو رمضان کے مہینے میں چوسر کھیلتے ہوئے دیکھ کر کہنے لگے، ہم نے حدیث میں پڑھا تھا کہ رمضان کے مہینے میں شیطان مقید رہتا مگر آج اس حدیث کی صحت میں تردد پیدا ہو گیا ہے۔

(i) مکان کے کس کمرے میں مرزا دن بھر بیٹھتے تھے؟

(ii) مرزا جس کوٹھری میں بیٹھتے تھے وہاں جھک کر کیوں جانا پڑتا تھا؟

(iii) مرزا گرمیوں میں اکثر کہاں اور کتنی دیر بیٹھتے تھے؟

(iv) جب مولانا آزردہ مرزا کے گھر آئے اس وقت مرزا کیا کر رہے تھے؟

(v) مرزا کو رمضان میں چوسر کھیلتے ہوئے مولانا نے کیا کہا؟

..............................................................................

☆بزرگانہ نصیحتوں کے بعد کچھ دعائیہ کلمات کی باری آئی۔ بنسی دھر نے سعادت مندلڑکے کی طرح یہ باتیں بہت توجہ سے سنیں اورتب گھر سے چل کھڑے ہوئے۔اس وسیع دنیا میں جہاں اپنا استقلال، اپنا رفیق، اپنی ہمت، اپنا مددگار اور اپنی کوشش اپنا مربی ہے۔ لیکن اچھے شگون سے چلے تھے، خوبی قسمت ساتھ تھی، صیغہ نمک کے دروغہ مقرر ہوئے مشاہرہ معقول، بالائی رقم کا کچھ ٹھکانہ نہ تھا۔ بوڑھے منشی جی نے خط پایا تو باغ باغ ہو گئے۔کلوار کی تسکین وتشفی کی سند لی، پڑوسیوں کو حسد ہوا اور مہاجنوں کی سخت گیریاں مائل بہ نرمی ہوگئیں۔

(۱)اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(۲)بوڑھے منشی جی کیوں باغ باغ ہوگئے؟

(۳)یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے۔

(۴)سعادت مندلڑکا کسے کہا گیا ہے؟

(۵)کس کی سخت گیریاں مائل بہ نرمی ہوگئیں؟

.......................................................................................................................

☆اب پھر اس نے اپنا پچھلا زمانہ یاد کیا اور دیکھا کہ اس نے اپنی پچپن برس کی عمر میں کوئی کام بھی انسان کی بھلائی اور کم سے کم اپنی قوم کی بھلائی کا نہیں کیا تھا۔اس کے تمام کام ذاتی غرض پر مبنی تھے۔ نیک کام جو کئے تھے ثواب کے لالچ اور گویا خدا کو رشوت دینے کی غرض سے کئے تھے۔ خاص قومی بھلائی کی خالص نیت سے کچھ بھی نہیں کیا تھا۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے۔

(ii) پچپن برس کی عمر میں اس نے کون سا کام نہیں کیا تھا؟

(iii) اس کے تمام کام کس غرض پر مبنی تھے؟

(iv) نیک کام کس لالچ سے کئے تھے؟

(v) مشکل الفاظ کے جملے بنائیے۔ زمانہ، قوم، بھلائی، ثواب۔

.......................................................................................................................

☆دس دن پہلے ہم یونیسکو کے سیمنار کے افتتاحی اجلاس میں پہنچے تھے تو یونیسکو کی عہدہ دار مس جو نے ہمیں کئی اشیاء دینے کے بعد کہا تھا'' میں یہ چھتری بھی آپ کو سونپ رہی ہوں ٹوکیو کا موسم بڑا غیر یقینی ہوتا ہے۔ کسی بھی وقت بارش ہوسکتی ہے۔اس چھتری کو ہمیشہ اپنے پاس رکھئے۔ دیگر اشیاء تو اب آپ کی نجی ملکیت بن گئیں لیکن خیال رہے یہ چھتری یونیسکو کی ملکیت ہے۔ جب تک جاپان میں رہیں اسے اپنے پاس رکھئے اور جاتے ہوئے ہمیں واپس دے جائیے۔

(i) مس جو کون تھیں؟

(ii) مس جو نے مصنف کو چھتری کیوں سونپ دی؟

(iii) جاتے وقت مصنف کو کون سی چیز مس جو کو واپس کرنی تھی؟

(iv) یہ کس کتاب سے لیا گیا ہے۔

(v) یہ اقتباس کس مصنف کا ہے۔

☆ یہ مریل جانی کا مرغا تھا اور شاہ مال کا مرغا پورے احاطے سے اس کا پیچھا کر رہا تھا۔ شاہ مال کو محسوس ہوا کہ مریل جانی پسینے سے شرابور ہوگئی ہے اور اس کے چہرے کا رنگ توے کی الٹی طرف کا سا نظر آ رہا ہے۔ لیکن اس نے یہ بھی دیکھا کہ جانی نے ایسا ظاہر کیا جیسے اسے مرغوں کے جھگڑے کے نتیجے میں کوئی دلچسپی نہ ہو۔

**(i)** شاہ مال کا مرغا کس کے مرغے کو پورے احاطے سے پیچھا کر رہا تھا؟

**(ii)** کس کے چہرے کا رنگ توے کی الٹی طرف کا سا نظر آ رہا ہے؟

**(iii)** کس کو یہ محسوس ہوا کہ مریل جانی پسینے سے شرابور ہوگئی؟

**iv)** یہ اقتباس کس کہانی سے لیا گیا ہے۔

**(v)** اس کا مصنف کون تھا۔

''لیکن تھوڑی دیر کے بعد ان میں سے ایک نہ ایک پھر نیچا ہو جاتا۔ وہ لمحے جن کے دوران میں میرے ہاتھ اور میرا جسم دونوں برابر ایک ہی بلندی پر واقع ہوں، بہت ہی کم تھے اور ان میں بھی یہی سوچتا رہتا تھا کہ گدی پہلے بیٹھے گی یا ہینڈل۔ چنانچہ نڈر ہو کر نہ بیٹھتا بلکہ جسم کو گدی سے قدرے اُوپر ہی رکھتا لیکن اس سے ہینڈل پر اتنا بوجھ پڑتا کہ وہ نیچا ہو جاتا۔ جب دو میل گزر گئے اور بائیسکل کی اُٹھک بیٹھک نے ایک مقرر باقاعدگی اختیار کر لی تو فیصلہ کیا کہ مستری سے پیچ کسوا لینے جائیں۔ چنانچہ بائیسکل کو ایک دکان پر لے لیا۔''

(الف) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہے؟

(ب) راوی نڈر ہو کر بائیسکل پر کیوں نہیں بیٹھتا تھا؟

(ج) کون سے لمحے بہت کم تھے؟

(د) آخرکار بائیسکل کو کہاں لے کر گئے؟

(ہ) درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیے۔ لمحے، بوجھ، باقاعدگی، فیصلہ۔

☆ اُسے اپنے آرٹ سے محبت ہی نہیں عشق تھا۔ ایسا عشق جو پاگل پن کی حد تک بڑھا ہوا تھا۔ یہی اس کا مرض تھا اور یہی اس کی دوا تھی۔ سات برس ہوئے لندن کے بہت بڑے ڈاکٹروں نے اس کے جگر کا معائنہ کر کے اس کے دوستوں اور رشتہ داروں سے کہہ دیا تھا کہ وہ سال بھر سے زیادہ زندہ نہیں رہ سکتی لیکن وہ پانچ چھ برس تک اور زندہ رہی، مرض سے لڑتی رہی۔ اور جب نہ صرف پاکیزہ مکمل ہوگئی بلکہ کتنی ہی دوسری تصویریں سب مکمل ہوگئی تو اس نے ملک الموت کے آگے ہتھیار ڈال دیئے اور صرف چالیس برس کی عمر میں اللہ کو پیاری ہوگئی۔

(۱) اُس نے کس کے آگے ہتھیار ڈال دیئے اور کب اور کس کو پیاری ہوگئی؟

(۲) پاکیزہ کس کا نام ہے؟

(۳) تصویریں مکمل ہونے سے کیا مراد ہے؟

(۴) لندن کے بہت بڑے ڈاکٹروں نے کیا کہا تھا؟

(۵) کس کو کس سے عشق تھا؟

سوال نمبر۲/درج ذیل سوالات میں سے دوسوالوں کے (50) سے (60) الفاظ میں جواب لکھئے۔ **2×4=8**

(i) سرسید ''گزراہوازمانہ'' میں نوجوانوں کو کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟

(ii) شبلی کے مضمون ''شاعری کی حقیقت'' کی روشنی میں ان دوقوتوں کا نام لکھئے جو تمام افعال اور ارادات کا سرچشمہ ہیں اور ان کی مختصر وضاحت بھی کیجئے۔

(iii) غلام خان کے ہاتھ میں مرغا دیکھ کر شاہ مال کیوں خوش ہوگئی؟

(iv) پطرس نے جو بائیسکل مرزا سے خریدی تھی اس کا خاکہ تحریر کیجئے۔

☆ ''گزراہوازمانہ'' میں دلہن کون تھی اور اس کی تسخیر کا کیا عمل ہے؟

☆ ''مرحوم کی یاد میں'' پطرس بخاری مرزا کے سامنے کس بات کا اعتراف کرتا ہے؟

☆ شاہ مال نے مرغ ذبح کرنے کا ارادہ کیوں ترک کیا؟

☆ شبلی نے شاعری کی کیا تعریف کی ہے؟

☆ سرسید نے علمی میدان میں کیا کیا کارنامے انجام دیئے؟

☆ مصنف مجتبیٰ حسین جاپان کو اطمینان کے ساتھ کیوں نہیں دیکھ سکا؟

☆ غدر کے بعد غالب کی حالت کیسی تھی؟

☆ ''گلی ڈنڈا'' کو ذہن میں رکھتے ہوئے ''گیا'' کے کردار کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے؟

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

---

☆ مرزا کے بائیسکل کی مجمل ہیت کیسی تھی؟

☆ شبلی کے نزدیک شاعری کے لئے کون سی چیزیں ضروری ہیں؟

☆ ''گزراہوازمانہ'' میں بوڑھا دس ہزار دینار دے کر کیا حاصل کرنا چاہتا ہے؟

☆ موسیقی کس قوت کو اثرانداز کرتی ہے اور تصویر سے متاثر ہونے کے لئے کیا شرط ہے؟

☆ منصف جاپان کیوں گیا تھا؟ وہاں سے اس نے کس کو خط لکھا اور اس خط میں وہ کس چیز کا نام لکھنا بھول گیا؟

☆ غالب کو ''حیوان ناطق'' کے بجائے ''حیوانِ ظریف'' کیوں کہا گیا ہے؟ اور یہ کس نے کہا ہے؟

☆ مضمون ''یونیسکو کی چھتری'' میں مصنف کی چھتری ڈھونڈنے میں کل کتنی رقم خرچ ہوئی؟

☆ افسانہ ''گلی ڈنڈا'' میں پریم چند نے کس چیز کی تصویر کشی کی ہے؟

☆ مضمون ''گزراہوازمانہ'' میں بوڑھا پچھتاوے کے آنسو کیوں بہاتا ہے؟

☆ مضمون ''شاعری کی حقیقت'' میں شبلی نے ادراک اور احساس کا کیا مطلب بیان کیا ہے؟

☆ پطرس نے جو بائیسکل مرزا سے خریدی تھی، اس کا خاکہ تحریر کیجئے۔

☆ چھتری ڈھونڈنے میں مصنف کو کتنا خرچ کرنا پڑا؟

☆ غالب اپنے دوستوں سے کیسے پیش آتے تھے؟

☆شبلی نے شاعری کی کیا تعریف کی ہے؟

☆''گزرا ہوا زمانہ'' میں بڑھا پچھتاوے کے آنسو کیوں بہتا ہے؟

☆غدر کے بعد مرزا غالب کی حالت کیسی تھی؟ حالی کے سوانح مضمون مرزا غالب کی روشنی میں جواب لکھئے۔

☆مصنف نے بیوی کو خط میں کیا لکھا؟ ''یونیسکو کی چھتری'' کی روشنی میں جواب لکھئے۔

☆شبلی کے نزدیک شاعری کے لئے کون سی چیزیں ضروری ہیں؟

☆شاہ ماہ مریل جانی کے مرغے کے ساتھ کیا سلوک کرتی ہے؟

☆مضمون ''گذرا ہوا زمانہ'' کی خوبصورت دلہن کو کیسے تسخیر کیا جا سکتا ہے؟

---

سوال نمبر۳ر افسانہ یا ''سفرنامہ'' پر نوٹ لکھئے۔ 06

''سفرنامہ'' یا ''افسانہ'' پر نوٹ لکھئے۔ ''سوانح نگاری'' پر نوٹ لکھئے۔

☆''انشائیہ'' یا ''ڈراما'' پر ایک نوٹ لکھئے۔

☆''سوانح نگاری'' یا ''سفرنامہ'' پر ایک نوٹ لکھئے۔

☆''مزاح نگاری'' یا ''خاکہ'' پر نوٹ لکھئے۔

☆''مقالہ'' یا ''انشائیہ'' پر نوٹ لکھئے۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

---

سوال نمبر۴ر شبلی نعمانی کے حالات زندگی بیان کیجئے یا منشی پریم چند کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالئے۔ 06

☆سر سید احمد خان کے حالاتِ زندگی یا پریم چند کی ادبی خدمات پر نوٹ لکھئے۔

(i) پطرس بخاری۔ (ii) پریم چند۔ (iii) حالی۔

☆سر سید احمد خان۔ ☆شبلی نعمانی۔ ☆مولوی نذیر احمد، ☆خواجہ احمد عباس۔

☆امین کامل۔ کے حالات زندگی و ادبی خدمات پر نوٹ تحریر کریں۔

---

سوال نمبر۵ر درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھئے اور اس کے آخر پر دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔ 5×24=10

ایک دو شیزہ سڑک پر دھوپ میں ہے بے قرار
چوڑیاں بجتی ہیں کنکر کوٹنے میں بار بار
چوریوں کے ساز میں یہ شور ہے کیسا بھرا

آنکھ میں آنسو بنی جاتی ہے جس کی ہر صدا
گرد ہے رُخسار پر زلفیں اٹی ہیں خاک میں
نازکی بل کھارہی ہے دیدۂ غم ناک میں

(i) مذکورہ اشعار کس نظم سے لئے گئے ہیں؟ اور نظم کے شاعر کا نام بھی بتائیے۔
(ii) دوشیزہ سڑک پر کیا کرتی ہے؟
(iii) کس آواز سے شاعر کی آنکھوں میں آنسو آجاتے ہیں؟
(iv) کس کے رخسار اور زلفیں گرد سے اٹی ہوئی ہیں؟
(v) مذکورہ اشعار میں آخر شعر کی تشریح کیجیے۔

☆

کب لوٹ، جھپٹ سے ہستی کی
دُکانیں خالی ہوتی ہیں

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

یاں پربت پربت ہیرے ہیں
یاں ساگر ساگر موتی ہیں

کچھ لوگ ہیں جو اس دولت پر
پردے لٹکاتے پھرتے ہیں

ہر پربت کو ہر ساگر کو
نیلام چڑھاتے پھرتے ہیں

(الف) یہ شعری بند کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کون ہیں؟
(ب) اس بند کے آخری شعر کی تشریح کیجیے۔
(ج) پربت پربت اور ساگر ساگر کیا ہیں؟
(د) کچھ کیا کرتے ہیں؟
(ہ) کس چیز کو نیلام کیا جاتا ہے؟

..........

☆

جس سر کو غرور آج ہے یاں تاج وری کا
کل اُس پہ یہیں شور ہے پھر نوحہ گری کا
آفاق کی منظر سے گیا کون سلامت
اسباب لُٹا راہ میں ہر سفری کا
زندان میں بھی شورش نہ گئی اپنے جنون کی
اب سنگ مداوا ہے اِس آشفتہ سری کا
ہر زخم جگر داور محشر سے ہمارا
انصاف طلب ہے تیری بیداد گری کا
اپنی جہاں آنکھ لڑی پھرو ہیں دیکھو
آئینے کو لپکا ہے پریشاں نظری کا

(الف) اس شعری بند کے شاعر کا نام بتائیے؟
(ب) یہ شعر کس شاعر کے لکھے ہیں۔
(ج) اس بند کو نثر میں لکھیے۔
(د) ان الفاظ کے معنی لکھیں۔ کوچہ، پاس، جستجو، ستم، دلدار
(ہ) شاعر کا پورا نام لکھیں۔ یہ شاعر کب پیدا ہوئے۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

(یا)

(ا) (ب)
جاگی مرغ سحر کے غل سے
اٹھی نکہت سی فرش گل سے
منہ نے جو آنکھ ملتی آئی
پُر آب وہ چشم حوض پائی
دیکھا تو وہ گل ہوا ہُوا ہے
کچھ اور ہی گل کھلا ہوا ہے

(i) مذکورا اشعار کس مثنوی سے لئے گئے ہیں؟ اس کا عنوان اور شاعر کا نام بھی بتائیے۔
(ii) بکاولی کیسے جاگی؟
(iii) جاگنے کے بعد بکاولی نے کیا دیکھا؟
(iv) مذکورہ اشعار کے آخری شعر میں کون سے الفاظ تجنیس کے طور پر استعمال ہوئے ہیں؟
(v) مذکورہ اشعار کے دوسرے شعر کی تشریح کیجیے۔

☆

پرآہ شمر نے بڑھ کر غضب کیا
سینے پر موزہ، حلق پر خنجر کو رکھ دیا
چلاتے آئے قبر سے محبوبِ کبریا
باہیں گلے میں ڈال دیں خنجر پکڑ لیا
زہرؑا پکاری یہ دل حیدر کا چین
میرا حسینؑ ہے ارے میرا حسینؑ ہر

(الف) اس شعری بند کے شاعر کا نام بتایئے؟
(ب) ان شعروں کی تشریح کر کے لکھیں
(ج) محبوبِ کبریا کن کے لئے استعمال ہوا ہے؟
(د) زہرؑا نے کیا کیا؟
(ہ) اس بند کو نثر میں لکھیے۔

---

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLARS & OTHER PDF

منھ پھیر کے یہ کہنے لگیں شاہ کی ہمشیر
غیرت کی جا، غیر تو ہوں فدیۂ شبیر
منھ پھیریں وہ مقتل سے جو ہوں صاحب شمشیر
شکوہ ہے مقدر کا کچھ ان کی نہیں تقصیر
انصاف تو کیجئے، مجھے کیوں کر نہ گلا ہو
وہ پہلے نہ بے دم ہوں، لہو جن میں ملا ہو

(الف) اس شعری بند کے شاعر کا نام بتایئے؟
(ب) اس بند کو نثر میں لکھئے۔
(ج) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے۔
(د) اس بند کے آخری شعر کی تشریح کیجئے۔
(ہ) درج ذیل الفاظ کے جملے بنائے۔سخن، مضطر، خواہر، سُبک، الم۔

---

☆

بھوک میں وہ ہاتھ اٹھیں التجا کے واسطے
جن کو قدرت نے بنایا ہو حنا کے واسطے

نازکی سے جو اٹھا سکتی نہ ہو کاجل کا بار
ان سبک پلکوں پہ بیٹھے راہ کا بوجھل غبار
کیوں فلک مجبور ہو آنسو بہانے کے لئے
انکھڑیاں ہوں جو دلوں میں ڈوب جانے کے لئے

(الف) اس شعری بند کے شاعر کا نام بتایئے؟

(ب) اس بند کو نثر میں لکھئے۔

(ج) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے۔

(د) اس بند کے آخری شعر کی تشریح کیجئے۔

(ہ) درج ذیل الفاظ کے جملے بنائیے۔ انکھڑیاں، صدمہ، سنگ، رن۔صدا۔

---

سوال نمبر ۶/درج ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب (60) سے (70) الفاظ میں لکھئے۔ **(2×5=10)**

(الف) مثنوی یا قصیدہ پر نوٹ لکھئے۔

(ب) مومن یا میر تقی میر کی شاعرانہ خوبیوں پر روشنی ڈالئے۔

(ج) حسرت موہانی یا پروین شاکر کے حالات زندگی بیان کیجئے۔

(د) جوش کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے۔

☆ نظم ''ایک آرزو'' میں شاعر کس چیز پر مرتا ہے اور اس کو حاصل کرنے کے لئے کہاں جانے کی آرزو کرتا ہے؟

☆ نظم ''حسن اور مزدوری'' میں آفتاب کی کرنیں دوشیزہ کے کن دو جسمانی اعضاء کا کیا پی رہی ہے؟

☆ عون و محمد سے والدہ کیوں خفا تھیں؟

☆ غزل کے فن کی وضاحت کیجئے۔

☆ مرزا غالب یا پروین شاکر کی غزل گوئی پر نوٹ لکھئے۔

☆ حیدر علی آتش کے حالات زندگی قلمبند کیجئے۔

☆ گھوڑے پر ڈھے کی کیا حالت ہوئی؟

☆ میر تقی میر کی شاعرانہ عظمت پر نوٹ لکھئے۔

☆ تضحیک رزوگار کس قسم کا قصیدہ ہے؟

☆ نظم ''شیشوں کا مسیحا'' میں شاعر ٹکڑوں کے چننے کو ناحق کیوں کہتے ہیں؟

☆ قصیدے کے آخری جز کی تعریف کیجئے۔

---

سوال نمبر ۷/فیض کی نظم ''شیشوں کا مسیحا'' کا خلاصہ پیش کیجئے۔ **06**

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

☆اقبالؔ کی نظم ''ایک آرزو'' کا خلاصہ پیش کیجئے۔

☆جوشؔ کی نظم ''حسن اور مزدوری'' کا خلاصہ پیش کیجئے۔

☆نظم ''حسن اور مزدوری'' کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔

(یا)

علی سردار جعفری یا علامہ اقبالؔ کے حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔

☆فیض احمد فیضؔ یا دیا شنکر نسیمؔ کے حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔

☆میر انیسؔ یا مرزا دبیر کے حالات زندگی پر روشنی ڈالئے۔

☆فیض احمد فیضؔ یا سردار جعفری کے حالاتِ زندگی پر نوٹ لکھئے۔

☆شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں کا خلاصہ لکھئے۔

☆''تضحیک روزگار'' کس قسم کا قصیدہ ہے؟ اس میں گھوڑے کو علامت بنا کر کس حکومت پر طنز کیا گیا ہے؟

☆ دوشیزہ سڑک پر کیا کرتی ہے؟ اور اس کی حالت کیسی ہے؟ نظم ''حسن اور مزدوری'' کی روشنی میں جواب دیجئے۔

☆ شاعر دُنیا کی محفلوں سے کیوں اکتا گیا ہے؟

☆نظم ''حسن اور مزدوری'' کا مرکزی خیال کیا ہے؟

☆ نظم ''نیند'' میں شاعر کو نیند کیوں نہیں آتی؟

☆نظم ''شیشوں کا مسیحا'' کی روشنی میں بتایئے کہ کون سی چیزیں سالم ہو کر قیمت پاتی ہیں؟

☆نظم ''نیند'' میں نیند جیل سے نکل کر کہاں جاتی ہے اور وہاں کیا کرتی ہے؟

☆جنگ کے وقت سوار نے کیا دُعا مانگی؟

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

---

سوال نمبر ۸ رصرف دو اصطلاحات کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کیجئے۔ **2×2=4**

(i) مطلع۔ (ii) قافیہ۔ (iii) تلمیح۔ (iv) تشبیہ۔

☆ردیف ۔☆حسن تعلیل۔☆استعارہ۔☆شاہ بیت

☆مقطع۔☆حسن مطلع۔☆تجاہل عارفانہ۔☆ایہام۔

☆صنعت تجنیس۔

---

سوال نمبر ۹ ردرج ذیل میں سے دو سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔ 2×7½=14

(الف) اُردو زبان کے آغاز سے متعلق کسی ایک مستند نظریہ کی وضاحت کیجئے۔

(ب) علی گڑھ تحریک کا ادبی پہلو بیان کیجئے۔

(ج) دبستان لکھنؤ کی شعری خدمات کا جائزہ پیش کیجئے۔

(د) خطوط غالبؔ کی خوبیاں بیان کیجئے۔

خطوط غالبؔ کی ادبی اہمیت واضح کیجئے۔

☆ دلبستان لکھنؤ کی خصوصیات بیان کیجئے۔

☆ ''دلبستان دلی'' کی ادبی اہمیت تحریر کیجئے۔

☆ غالبؔ کی خطوط نگاری سے متعلق اپنی جانکاری تحریر کیجئے۔

☆ اُردو زبان کی ابتداء اور ارتقاء کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

☆ ترقی پسند تحریک پر نوٹ لکھئے۔

☆ اُردو زبان کے آغاز وارتقاء پر اپنی جانکاری قلمبند کیجئے۔

☆ ''علی گڑھ تحریک'' کے بارے میں اپنے خیالات تحریر کیجئے۔

---

سوال نمبر ۱۰/ اپنے والد صاحب کو خط کے ذریعہ گھر کے حالات سے آگاہ کیجئے۔ **08**

☆ اپنے اسکول کے پرنسپل کے نام فیس معاف کرنے کی درخواست لکھئے۔

(یا)

اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کے نام درخواست لکھئے جس میں ڈسچارج سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کی استدعا کی گئی ہو۔

☆ اپنے بھائی کے نام خط لکھ کر اُنہیں دسویں کے امتحان کے لئے سخت محنت کرنے کی تلقین کیجئے۔

☆ ناظم تعلیمات کی خدمت میں استاد کی اسامی پر تعیناتی کے لئے ایک درخواست لکھئے۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

☆ اپنے بھائی کے نام خط لکھ کر اُنہیں دسویں کے امتحان کے لئے سخت محنت کرنے کی تلقین کیجئے۔

☆ اپنے پرنسپل صاحب کی خدمت میں اسکول چھوڑنے کی سند اجراء کروانے کے لئے ایک درخواست لکھئے۔

☆ اپنے تعلیمی ادارے کے سربراہ کے نام فیس معاف کروانے کے لئے درخواست لکھئے۔

☆ اپنے دوست کو بھائی کی شادی میں شرکت کرنے کے لئے ایک خط لکھئے

---

سوال نمبر ۱۱/ درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر (200) دوسو الفاظ کا مضمون لکھئے۔ **12**

(i) جنگلات ہماری انمول دولت۔

(ii) کھیلوں کی اہمیت

(iii) انٹرنیٹ کا استعمال اور ہماری ذمہ داریاں۔

☆ ورزش صحت کیلئے ضروری۔

☆ موبائل فون ایک سائنسی کرشمہ۔

☆ علم بڑی دولت ہے۔

☆ وادی کشمیر کے خوبصورت نظارے۔

☆ سائنس رحمت بھی، زحمت بھی۔

☆ جیو اور جینے دو امن کا کامیاب منتر۔
☆ منشیات کا استعمال صحت عامہ کی بربادی۔
☆ جنگ کی تباہ کاریاں۔
☆ بری صحبت کے نقصانات۔
☆ رشوت خوری سماجی بدعات کی جڑ۔
☆ قرض ایک لعنت ہے۔
☆ آپ کا پسندیدہ کھیل

(یا)

''منشیات کا استعمال سماج کی بربادی'' پرایک اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔ **(5×1=-05)**

اپنے اسکول میں منعقدہ یوم والدین یا کسی اور تقریب کے متعلق ایک اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔
☆ منشیات کے برے اثرات کے موضوع پر ایک اشتہاری پیغام تحریر کیجئے۔
☆ اپنے اسکول کے سالانہ دن کی تقریب کی کاروائی تحریر کیجئے۔
☆ کسی جان لیوا حادثے سے متعلق ایک اخباری رپورٹ ترتیب دیجئے۔
☆ ''آگ کی ایک ہولناک واردات'' کے بارے میں اخباری رپورٹ مرتب کیجئے۔
☆ ''جہیز ایک لعنت ہے'' کے متعلق ایک اشتہاری پیغام تحریر کیجئے۔
☆ اپنے اسکول میں منعقد ہوئی ''بائز میٹنگ'' کی کاروائی تحریر کیجئے۔
☆ آگ کی ایک ہولناک واردات کی اخباری رپورٹ لکھئے۔
☆ ''منشیات کے منفی اثرات'' کے عنوان پر تشہیری پیغام لکھئے۔
☆ کسی مقام پر سیر کے لئے پارٹی جا رہی ہے۔ جو بھی طالب علم جانا چاہتے ہیں۔ اپنے نام درج کروائیں۔
☆ محلے میں آگ کی واردات پر مشتمل ایک اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔
☆ تمباکو نوشی کے مضر اثرات پر ایک تشہیری پیغام تحریر کیجئے۔
☆ اسکول کے سالانہ مشاعرے کی تقریب کی کاروائی تحریر کیجئے۔
☆ حال ہی میں آپ کے اسکول میں جو ''ادبی مشاعرہ'' منعقد ہوا۔ اس کی مکمل کارروائی تحریر کیجئے۔
☆ ریاست میں موسلا دھار بارش سے پیدا شدہ سیلابی صورتحال پر ایک اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔
☆ اپنے اسکول کے طلباء کی ہفتہ وار میٹنگ کی کاروائی تحریر کیجئے۔
☆ سڑک حادثات کی روک تھام کے لئے ایک موثر تشہیری پیغام تحریر کیجئے۔
☆ ''رشوت خوری کے بُرے اثرات'' کے عنوان پر ایک تشہیری پیغام تحریر کیجئے۔
☆ اپنے اسکول کی ''تقریبِ تقسیم اسناد'' کی کاروائی تحریر کیجئے۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

سوال نمبر۱۲/معروضی سوالات(Objective Type Question)چار ممکنہ جوابات میں سے صحیح جواب چُن لیجیے۔

5×1=05

(i) علی گڑھ کالج کب قائم ہوا؟

(a) ۱۸۸۷ء۔ (b) ۱۸۷۷ء

(c) ۱۸۷۳ء (d) ۱۸۵۷ء

جواب/(b) ۱۸۷۷ء

(ii) ''ہاں! گدھا آم نہیں کھاتا'' یہ کس شاعر کا قول ہے؟

(a) میر۔ (b) آتش

(c) سودا (d) غالب

جواب/(c) سودا

(iii) یونیسکو کی چھتری کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) پطرس بخاری۔ (b) حالی۔

(c) سرسید (d) مجتبیٰ حسین۔

جواب/(d) مجتبیٰ حسین۔

(iv) ''بانگ درا'' کس کی شعری تصنیف ہے؟

(a) فیض۔ (b) اقبال۔

(c) جوش۔ (d) ذوق

جواب/(b) اقبال۔

(v) غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مطلع۔ (b) حسن مطلع۔

(c) مقطع۔ (d) قافیہ۔

جواب/(c) مقطع۔

---

☆ ''آثار الصنادید'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a) پریم چند۔ (b) الطاف حسین حالی۔

(c) سرسید۔ (d) مولوی نذیر احمد۔

جواب/(c) سرسید۔

☆ ''یونیسکو کی چھتری'' کس صنف نثر سے تعلق رکھتی ہے؟

(a) افسانہ نگاری۔ (b) ناول نگاری۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

(c) سفرنامہ۔ (d) انشائیہ نگاری۔

جواب/(d) انشائیہ نگاری۔

☆ دیا شنکر نسیم کی مثنوی کا نام کیا ہے؟

(a) زہر عشق۔ (b) گلزار نسیم۔

(c) سحر البیان۔ (d) بدر منیر۔

جواب/(b) گلزار نسیم۔

☆ غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں؟

(a) قافیہ۔ (b) مطلع۔

(c) حسن مطلع۔ (d) مقطع۔

جواب/(b) مطلع۔

☆ مرثیہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(a) اُردو۔ (b) فارسی۔

(c) ترکی۔ (d) عربی۔

جواب/(c) ترکی۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR ...

☆ ''گزرا ہوا زمانہ'' کے مصنف کون ہیں؟

(a) پطرس بخاری۔ (b) پریم چند۔

(c) حالی۔ (d) سرسید۔

جواب/(d) سرسید۔

☆ سبق ''گلی ڈنڈا'' کس صنف نثر سے تعلق رکھتا ہے؟

(a) ڈراما۔ (b) ناول۔

(c) افسانہ۔ (d) انشائیہ۔

جواب/(c) افسانہ۔

☆ میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟

(a) دلی۔ (b) آگرہ۔

(c) لاہور۔ (d) لکھنؤ۔

جواب/(b) آگرہ۔

☆ میر انیس کس صنف شعر کے اُستاد مانے جاتے ہیں؟

(a) قصیدہ۔ (b) مرثیہ۔

(c) رباعی۔ (d) غزل۔

جواب/(b) مرثیہ۔

☆ نظم ''ایک آرزو'' میں شاعر کس کا ہمنواز بننا چاہتا ہے؟

(a) بلبل۔ (b) چیل۔

(c) کوئل۔ (d) طوطا۔

جواب/(a) بلبل۔

☆ خواجہ احمد عباس کا لکھا ہوا ''مینا کماری کیا ہے؟

(۱) ڈراما (۲) انشائیہ (۳) خاکہ

جواب۔(۳) خاکہ

☆ مینا کماری کا تعلق کس شعبہ سے تھا؟

(۱) فلمی (۲) تجارت (۳) صحافت جواب۔(۱) فلمی

☆ مینا کماری کا اصلی نام کیا ہے؟

(۱) مہ جبین (۲) مینا (۳) چندہ

جواب۔(۱) مہ جبین

☆ اس خاکہ میں ان کی کس فلم کا زیادہ ذکر کیا گیا ہے؟

(۱) پاکیزہ (۲) چار دل چار راہیں (۳) شکوہ وشکایت

جواب۔(۲) چار دل چار راہیں

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

☆ آپ کی اُردو درسی کتاب کا نام کیا ہے؟

جواب/ بہارستان اُردو

(ب) ''مرحوم کی یاد میں'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

جواب/ پطرس بخاری

(ج) مرزا غالب کا مزار کہاں ہے؟

جواب/ مرزا غالب کا مزار دہلی میں درگاہ نظام الدین اولیاؒ کے متصل دفن کیے گئے۔

(د) ''مس جو، کس مضمون کا کردار ہے؟

جواب/ یونسکو کی چھتری

(ہ) اُردو کس زبان کا لفظ ہے؟

جواب/ اُردو ترکی زبان کا لفظ ہے۔

☆ پطرس بخاری کا کون سا انشائیہ نصاب میں شامل ہے؟

(a) مچھر۔ (b) گزرا ہوا زمانہ۔

(c) مرحوم کی یاد میں۔ (d) خوشامد۔

جواب/(c) مرحوم کی یاد میں۔

☆''محاکات'' کا ذکر کس نصابی سبق میں آیا ہے؟
(a)شاعری کی حقیقت۔ (b)گلی ڈنڈا۔
(c)گزرا ہوا زمانہ۔ (d)مرزا غالب۔
جواب/(a)شاعری کی حقیقت۔

☆شبلی کا سن پیدائش کیا ہے؟
(a)۱۸۵۷ء۔ (b)۱۸۵۸ء۔
(c)۱۸۵۹ء۔ (d)۱۸۶۰ء۔
جواب/(a)۱۸۵۷ء۔

☆غزل کے آخری شعر کو کیا کہتے ہیں؟
(a)مطلع۔ (b)حسن مطلع۔
(c)مقطع۔ (d)شاہ بیت۔
جواب/(c)مقطع۔

☆''زندان نامہ'' کس کی تخلیق ہے؟
(a) فیض۔ (b)مجاز۔
(c)جوش۔ (d)اقبال۔
جواب/(a) فیض۔

NCERTGUESS.COM
MODEL PAPERS, NCERT BOOKS, EXEMPLAR & OTHER PDF

☆حامدی کاشمیری کا سن پیدائش کیا ہے؟
(a)۱۹۱۳ء۔ (b)۱۹۳۲ء۔
(c)۱۹۳۳ء۔ (d)۱۹۳۴ء۔
جواب/(a)۱۹۱۳ء۔

☆میر تقی میر کو کس صنف شاعری میں کمال حاصل ہے؟
(a)غزل۔ (b)قصیدہ۔
(c)مرثیہ۔ (d)رباعی۔
جواب/(a)غزل۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆